# Chapter – 1

## زبان کی آموزش اور حصولیابی

## (Language Learning and Acquisition)

- زبان کیا ہے؟
- زبان انسان کے خیالات، جذبات، احساسات اور ضروریات کی ترسیل کا وسیلہ ہے۔
- زبان سماجی تعاملات (Social Interaction) کا نتیجہ ہے.
- سماجی تعاملات کی ہی وجہ سے بچہ نقل (Imitations) کے ذریعہ زبان سیکھتا ہے.
- ماہرین لسانیات زبان کو لغت (Lexicon) اور قواعد (Grammar) کا امتزاج مانتے ہیں.
- زبان اور سماج کے مابین ایک ایسا رشتہ ہے جس کے ذریعہ نہ تو زبان کی ترقی ممکن ہے اور نہ ہی سماج کی ترقی.
- زبان کا مطالعہ علم لسانیات (Linguistics) کہلاتا ہے.

Haidari Study Point

زبان کو تین حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے.

١. اشاروں کی زبان. ٢.آوازوں کی زبان

٣. علامتوں کی زبان.

- **اشاروں کی زبان (Sign Language)** :- جب ہم ہاتھ، پاؤں، سر، آنکھ یا چہرے کے تاثرات کا استعمال کرکے اپنے خیالات اور جذبات دوسروں تک پہنچاتے ہیں تو یہ اشاروں کی زبان کہلاتی ہے.
- ذولسانی (Bilingual) اور کثیر لسانی (Multilingual) ماحول میں اشارات کی زبان اہم رول ادا کرتی ہے.
- اشارات کی زبان کا کمزور پہلو یہ ہے کہ اس کے ذریعہ مجرد تصورات (Abstract Concepts) پیش نہیں کئے جا سکتے.

- **آوازوں کی زبان (Spoken Language)** :- زبان کا سیکھنا ایک اکتسابی عمل (Acquisition Process) ہے. بچے کا اپنے گرد

وپیش جن جن لوگوں سے سابقہ پڑتا ہے وہ کوئی نہ کوئی زبان بولتے ہیں. بچہ انہیں نقل کر کے، آوازوں کو دہرا کر زبان سیکھتا ہے اور اس پر مہارت حاصل کر لیتا ہے.

- **علامتوں کی زبان (Symbolic Language).** جب کسی آواز کو کسی مخصوص علامت سے ظاہر کیا جاتا ہے تو وہ تحریر کی شکل لے لیتی ہے. تحریری شکل میں زبان ایک مستقل شکل ہے

## بولی اور زبان

## ( Language And Dialect)

- بولی ،زبان کے مقابلے ایک چھوٹے علاقے یا مخصوص گروہ کے درمیان بولی جاتی ہے ۔اس کی کوئی تحریری شکل نہیں ہوتی۔اس کی کوئی منظم شکل اور ضوابط نہیں ہوتے ۔اس میں اکثر تبدیلیاں آتی رہتی ہیں

دوسرے جانب زبان ایک وسیع تر نظریہ ہے. اس کے معینہ اصول و ضوابط ہوتے اور عموماً مستقل فطرت ہوتی ہے۔

## مادری زبان

## ( Mother Tongue)

- مادری زبان سے مراد بچے کے گھر، کنبہ اور آس پڑوس میں بولنے والی زبان سے ہے. یہ وہ زبان ہے جسے بچہ اپنے گرد و پاس سے فطری طور پر حاصل کرتا ہے.
- اسکولی تعلیم سے قبل ہی بچہ اپنی مادری زبان کی باریکیوں، پیچیدگیوں اور تشکیل کو اپنے اندر جذب کر لیتا ہے اور مکمل لسانی صلاحیت رکھتا ہے.
- کئی بار تو بچے اسکول آنے سے قبل ہی ایک سے زیادہ زبانیں بولنا اور سمجھنا سیکھ لیتے ہیں.
- ماہرین نفسیات ذریعۂ تعلیم خصوصاً پرائمری سطح پر مادری زبان میں ہونے کی حمایت کرتے ہیں.

Haidari Study Point

- مادری زبان ہی وہ وسیلہ ہے جس سے بچہ اپنے آپ کو باہری دنیا سے مربوط کر پاتا ہے اور سیکھنے میں فطری پن آتا ہے.
- ا۔اپریل ۲۰۰۹ سے نافذالعمل بچوں کا مفت اور لازمی تعلیم کا حق (RTE 2009) کے مطابق جہاں تک ممکن ہو بچے کی ابتدائی تعلیم اس کی مادری زبان میں ہونی چاہیے ۔
- ہندوستانی آئین کا آرٹیکل A- 350 بچوں کو مادری زبان میں تعلیم دینے کا حق دیتا ہے.
- قومی درسیات کا خاکہ (NCF 2005) کا خیال کہ بچے اپنے علم کی تشکیل خود کرتے ہیں، تبھی حقیقت بن سکتا ہے جب ہم بچہ کو مادری زبان میں اظہار اور تفکر کرنے کی آزادی دیں۔

## معیاری زبان

**( Standard Language)** معیاری زبان اس زبان کو کہتے ہیں جو کسی زبان کی مختلف بولیوں میں سے ایک ہوتی ہے. اور ادبی اقتدار کے پس

منظر میں قابلِ قبول مانی جاتی ہے۔ اس زبان کی دوسری شکل کو اس کی بولیاں کہا جاتا ہے۔

## زبان کا اکتساب یا تحصیل

## ( Acquisition of Language)

- زبان کی حصولیابی یا زبان کا اکتساب (Language Acquisition = भाषा अर्जन) ایک ایسا عمل ہے جس تحت آس پاس کے ماحول، والدین اور بزرگوں سے رکھ کر زبان سیکھی جاتی ہے۔
- یہ ایک فطری عمل ہے۔ یہ عمل پیدائش کے بعد سے شروع ہوتا ہے اور چار سال کی عمر تک بچہ مادری زبان کا اکتساب کر لیتا ہے۔
- اس طرح زبان کے حصول کا نظریہ مادری زبان سے جڑا ہے جس میں بچہ نیم شعوری ( Subconscious) عمل سے قواعد کے تئیں لاعلمی رکھتے ہوئے فطری طور پر زبان سیکھتا ہے۔

# زبان کی آموزش

## (Language Learning )

- **زبان کی آموزش** (भाषा अधिगम ) مادری زبان سیکھنے کے علاوہ کسی دیگر زبان کے سیکھنے سے تعلق رکھتا ہے. جیسے : ہندوستانی تناظر میں انگریزی زبان کا سیکھنا.
- زبان کی آموزش میں باقاعدگی پائی جاتی ہے. طالب علم شعوری طور پر قواعد کے اصولوں کی پابندی کرتا ہے. نحوی ساخت پر عمل کرتا ہے اور باربار مشق سے اپنی زبان پر دسترس حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے

Haidari Study Point

# زبان کی آموزش اور زبان کی حصولیابی میں فرق

## Different between Language Learning and Acquisition

## (भाषा अधिगम एवं अर्जन में अन्तर )

| زبان کی حصولیابی | زبان کی آموزش |
|---|---|
| زبان کی حصولیابی ایک فطری عمل ہے یہ نیم شعوری طور پر ہوتا ہے | زبان کی آموزش کے لئے شعوری طور پر کوشش کرنی پڑتی ہے |
| زبان کی حصولیابی کے ذریعہ بچہ اپنی پہلی زبان یعنی مادری زبان پر دسترس حاصل کرتا ہے | زبان کی آموزش کا لفظ دوسری زبان سیکھنے کے لئے کیا جاتا ہے |
| زبان کی حصولیابی میں کتاب اور گرامر کی ضرورت نہیں پڑتی ہے | زبان کی آموزش میں کتاب اور گرامر کی ضرورت ہوتی ہے |
| حصولیابی غیر رسمی اور غیر مستقیم طریقے سے ہوتی ہے | اس میں باقاعدگی کے ساتھ زبان کے قوا اور اصولوں کو سیکھا جاتا ہے |
| زبان کی حصولیابی بچے زیادہ تر گھریلو ماحول میں کرتے ہیں | زبان کی آموزش رسمی طور پر، اسکول میں اساتذہ کی مدد سے ہوتی ہے. |

## زبان کی آموزش اور حصولیابی سے متعلق مختلف نظریات

- پاولو (Pavlov) اور اسکنر (Skinner) جیسے ماہرِ کرداریت (Behaviorist) کے مطابق زبان کا سیکھنا محض محرک (Stimulus) اور جواب (Response) کے درمیان تعلق ہے

उद्दीपन एवं अनुक्रिया के बीच सम्बन्ध है).

جو کہ مشق، نقل اور رٹنے سے حاصل ہوتا ہے. یعنی بچہ اپنے ماحول کی زبان کو سنتا ہے. اسے دہرانے کی کوشش کرتا ہے. چیزوں اور ان کے نام کے بیچ رشتہ جوڑتا ہے اور اسی نتیجہ میں زبان سیکھ جاتا ہے.

Haidari Study Point

# نوم چومسکی کا نظریہ

- نوم چومسکی کے مطابق بچے میں زبان سیکھنے کی صلاحیت پیدائشی ہوتی ہے.
- دنیا میں آنے والا ہر بچہ اپنے ساتھ دماغ میں ایک خاص عضو لیکر آتا ہے جسے LAD یعنی Language Acquisition Device کہتے ہیں.
- زبان سیکھنے کے بنیادی اصول اور اجزاء بچے میں پیدائشی طور پر موجود ہوتے ہیں۔ پیدائش کے بعد جب بچہ بولی جانے والی زبان سنتا ہے تو زبان سیکھنے کی صلاحیتیں متحرک ہو جاتی ہیں۔اور کچھ عرصہ میں بچہ کا دماغ بولی جانے والی زبان کی پیچیدگی اور ساخت کو سمجھنے لگتا ہے اور بچہ زبان بولنا شروع کر دیتا ہے.
- چومسکی کا کہنا ہے کہ زبان کا فطری سافٹ ویئر یا قواعد فطری طور پر بچے کے دماغ میں ہوتا ہے جے انھوں نے **یونیورسل گرامر** کہا جو زبان بچے کے جینز Gens میں پوشیدہ ہوتی ہے اسے Innate Language کہا.
- ماحولیاتی رابطہ فطری قواعد کو بیدار کرتا ہے اس بیداری کے نتیجے میں انسان کوئی بھی زبان سیکھ سکتا ہے۔بشرطیکہ اسے زبان سننے کے مناسب موقعے ملیں -

Hazuri Study Point

# پیاجے اور وائگوتسکی کا نظریہ

- پیاجے کا نظریہ تعمیراتی ہے، جس کے مطابق بچہ حواس خمسہ کے ذریعہ علمی نظام کی تشکیل کرتا ہے۔ Assimilation اور Accommodation کے ذریعہ اسکیما بناتا ہے۔
- وائگوتسکی کے مطابق زبان سماجی تعامل کا نتیجہ ہے۔
- وائگوتسکی نے اپنے سماجی ثقافتی نشوونما(Socio-Cultural Development Theory ) میں تین چیزوں (سماج، ثقافت اور زبان ) پر کافی زور دیا۔
- بچوں کے عملی صلاحیت اور ممکنہ صلاحیت کے بیچ فرق پایا جاتا ہے اسے وائگوتسکی نے اس فرق کو قربِ نشوونما کا علاقہ (Zone of Proximal Development ) کہا۔
- تجربہ کار افراد کے ذریعہ بچوں کا دیا جانے والا سہارا مچان بندی (Scaffolding ) کہا جاتا ہے۔
- جب بچہ اپنے آپ سے بات کرتے ہوئے زبان کا استعمال کرتا ہے تو اسے نجی تقریر (Private Speech ) کہا جاتا ہے.

# بنڈورا کا سماجی آموزش کا نظریہ

# Bandura's Social Learning Therory

- اس نظریے کے مطابق بچے کی نشوونما 'ماڈل' کے برتاؤ کے مشاہدہ اور تقلید پر منحصر ہوتا ہے. یہ عمل کمک(Reinforcement ) کے ساتھ بھی ہو سکتا ہے اور کمک کے بغیر بھی۔
- اس نظریہ کے حامیوں کا ماننا ہے کہ بچہ بغیر ماڈل کے الفاظ اور زبان کی تشکیل نہیں سیکھ پاتا۔
-

# فنِ تعلیم اور متعلقہ نظریات

# Pedagogy and Related Views

- فنِ تعلیم جے انگریزی میں Pedagogy کہا جاتا ہے یونانی زبان کے دو لفظوں Paidos یعنی بچہ اور Agogos یعنی رہنما سے مل کر بنا ہے.
- اس طرح فنِ تعلیم کے لفظی معنی 'بچے کی رہنمائی' کے ہیں۔
- تکنیکی طور پر پیڈاگوجی کے تحت تعلیمی عمل کا مطالعہ اور اساتذہ کی رہنمائی کا عمل شامل ہے۔اس عمل میں تدریس و آموزش کے طریقے اور نظریات کا نصاب تیار کرنا، نصابی کتاب کی تیاری، طلباء کی آموزش کا اندازۂ قدر، جائزہ اور اصلاحی عمل شامل ہوتے ہیں. ان سب کاموں میں بچے کی صلاحیت، رویے اور دلچسپی کو ملحوظ رکھا جاتا ہے۔
- زبان کی پیڈاگوجی میں درج ذیل نظریات کو کافی اہمیت حاصل ہے.

**ساختی نظریہ (Structural View)** :- اس نظریہ میں زبان کی ساخت کو سمجھنے پر زور دیا جاتا ہے۔ساخت میں الفاظ کی تشکیل و ترتیب، جملوں کی تشکیل و ترتیب اور قواعد کا علم شامل ہے۔

عملی نظریہ (Functional View) :- عملی نظریہ میں زبان کے اطلاق کو زیادہ اہمیت دی جاتی ہے۔یعنی طلباء مختلف صورتحال میں زبان کا استعمال عملی مشق کے ذریعہ سیکھتے ہیں ۔ مثلاً :- مضمون نگاری، خطوط نویسی وغیرہ ۔

تعاملی نظریہ (Interactive View) :- تعاملی نظریہ میں زبان کو سماجی تعلقات کو بنائے اور قائم رکھنے کا وسیلہ مانا جاتا ہے۔یعنی اس نظریہ میں باہمی تبادلۂ خیال میں استعمال ہونے والی زبان کے نمونوں پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے ۔

## پہلی زبان کی تحصیل کے مراحل

## Stages of First Language Acquisition

Haidari Study Point

پیدائش کے بعد بچہ اچانک ہی زبان اور اس کے قواعد سے واقف نہیں ہوتا بلکہ یہ ایک مسلسل عمل ہے۔جس کے مختلف مراحل ہیں. ان مراحل سے گذرتے ہوئے بچہ زبان پر عبوریت حاصل کرتا ہے. یہ مراحل ترتیب وار ہیں۔بچے مختلف عمر میں اس مراحل سے گذرتے ہیں۔

1.بولنے سے قبل کا مرحلہ / کوئنگ (Pre-Talking Stage/ Cooing ) پیدائش سے 6 ماہ :-

چھ ہفتہ کے بعد بچہ کوئنگ شروع کر دیتا ہے۔ابتدا میں وہ صرف حرف علت کی آوازیں نکالتا ہے. چار مہینے کے بعد اس کی آواز میں حرف صحیح بھی جڑ جاتے ہیں۔یہ آوازیں کوؤ کوؤ کی طرح سنائی دیتی ہیں۔

2.ببلنگ مرحلہ / ببلانا (Babling Stage ) ٦ سے 8 ماہ :-

چھ ماہ کی عمر میں بچے حرف علت اور حرف صحیح ملا کر دہرانے والی آوازیں نکالتے ہیں جسے ببلانا کہتے ہیں۔جیسے : با-با، ما-ما، دا-دا، نا-نا وغیرہ

### 3.ایک لفظ کا مرحلہ 9 (Holo Pharasic Stage) سے 18 ماہ :-

تقریباً 9 ماہ کی عمر میں بچہ تقریباً پہلا لفظ بولتا ہے۔تقریباً ایک سال کی عمر میں ایسے بہت سے الفاظ بولنے لگتا ہے. اس مرحلہ میں ایک اکیلا لفظ ہی پورے جملے کی نمائندگی کرتا ہے۔یعنی مجھے پانی دے دو کے بجائے بچہ صرف پانی یا مم مم بولتا ہے۔

### 4.دو الفاظ کا مرحلہ (The Two Word Stage)

18 سے 24 ماہ : اس مرحلے میں بچے چھوٹے چھوٹے جملے جو کہ دو لفظوں سے مل کر بنے ہوتے ہیں، بولتے ہیں۔ پہلے جہاں ایک لفظ جیسے پانی پورے جملے کی نمائندگی کرتا تھا اب اس کے ساتھ فعل بھی جڑ جاتا ہے یعنی اب بچہ کہتا ہے 'مجھے پانی دے دو. اس کے پاس تقریباً 50 لفظوں کا مجموعہ ہوتا ہے۔

Haidari Study Point

## 5.ٹیلی گرافی مرحلہ (Telegraphic Stage)

24 سے 30 ماہ :- اس مرحلہ میں بچہ جملے کو بولنے کے دو سے زیادہ الفاظ استعمال کرتا ہے۔ جملوں میں آنے والے نے، سے، کو وغیرہ کو بچہ استعمال نہیں کرتا جیسے "پوجا کا بھائی مجھے ڈبے میں بند کر دیگا" کو بچہ کہتا ہے "پوجا بھائی ڈبا بند" اس مرحلہ میں بچہ بڑوں کی تقلید کرتا ہے اور جملوں کو چھوٹا کر کے بولتا ہے.

## 6.5 لمبے جملوں کا مرحلہ (Later Multiword Stage)

+30 ماہ :- وقت کے ساتھ ساتھ بچوں کی لغت میں اضافہ ہو جاتا ہے اور جملوں میں الفاظ کی تعداد بڑھ جاتی ہے۔ جوسفر اسم سے شروع ہوا تھا اس میں فعل، ضمیر، صفت، جنس، متضاد اور مترادف الفاظ جڑنے لگتے ہیں.

Haidari Study Point

# دوسری زبان کی آموزش کے مراحل

# Stages of Second Language Learning

- خاموش یا تحصیلی مرحلہ (Silent or Receptive Phase) :- اس مرحلہ میں آموزگار نہیں زبان کے الفاظ کو سیکھنے اور نئے الفاظ کو بولنے کی مشق میں وقت صرف کرتا ہے۔ اس مرحلہ میں عملی روانی اور سمجھ کے ساتھ نئی زبان میں اظہار نہیں کرسکتا۔
- ابتدائی تیاری ( Early Production) :- اس مرحلہ میں بچہ نئے الفاظ سیکھنے کے ساتھ ساتھ کچھ اور الفاظ اور Pharases کی ادائیگی بھی کرنے لگتا ہے
- تقریر کی ابتداء ( Speech Emergence) :- اس مرحلہ میں بچے کے ذخیرۂ الفاظ میں کئی ہزار الفاظ جمع ہو جاتے ہیں۔ وہ ان الفاظ کو جوڑ کر چھوٹے چھوٹے جملے بنانے لگتا ہے. اور اپنی دوسری زبان سے جڑنے لگتا ہے۔

- ابتدائی روانی (Intermediate Fluency ) :- جب آموزگار پیچیدہ جملے میں ترسیل کی شروعات کرتا ہے تو اسے روانی کی شروعات کہتے ہیں ۔ بچہ دوسری زبان میں سوچنا اور اظہار کرنا شروع کر دیتا ہے ۔
- روانی (Fluency ) :- یہ آخری مرحلہ ہے اس میں آموزگار مسلسل روانی، سماجی تعاملات اور خالص پن کے ساتھ نمو کرتا ہے.

Haidari Study Point

## تدریس کے مقاصد

- جو کچھ آموزگار سنے اسے سمجھنے کی صلاحیت اور مہارت پیدا کرنا
- تفہیم کے ساتھ پڑھنے کی مہارت پیدا کرنا
- سہل اظہار کی صلاحیت کو فروغ دینا
- تخلیقی صلاحیت کو فروغ دینا
- زبان کے مختلف استعمال پر کنٹرول کرنا
- ملک وقوم، گرد وپیش کے تئیں حساسیت پیدا کرنا

Haidari Study Point

## آموزش کے بارے میں اہم پہلو

- سبھی بچے سیکھ سکتے ہیں اگر ان کی ہی رفتار سے سیکھنے دیا جائے اور سیکھنے کے ان کے ہی طریقوں پر عمل کرنے دیا جائے.
- بچے کھیل کے ذریعہ فطری طور پر سیکھ سکتے ہیں
- سیکھنا ایک مسلسل عمل ہے. یہ صرف اسکول میں ہی نہیں ہوتا۔اس کے آموزش کے عمل کو گھر کے کاموں، سرگرمیوں اور ماحول سے جوڑنا چاہیے.
- بچے اپنے علم کی تعمیر خود کرتے ہیں
- بچے کا آموزشی عمل گذشتہ عمل اور تصورات کی بنا پر ہی آگے بڑھتا ہے.
- پرائمری سطح پر طلبہ باہمی ربط (Interaction) سے بہتر سیکھ سکتے ہیں.
- غلطیاں آموزش کا حصہ ہیں۔ بچے غلطیاں کر کے ہی سیکھتے ہیں.

# اردو پیڈاگوجی کے کچھ اہم پوائنٹ

- 1963 کے آفیشیل لینگویج ایکٹ کے ذریعہ یہ اعلان کیا گیا کہ 1965 کے بعد بھی انگریزی بطور مرکزی معاون زبان استعمال ہوتی رہے گی.
- کلاس روم میں تعمیراتی نظام (Constructive Approach ) کا مطلب یہ ہے کہ طلباء اپنے ذاتی طور پر سیکھنے کے طریقہ کو تیار کرتے ہیں اور اس پر عمل کرتے ہیں.
- کوٹھاری کمیشن (1965-66 ء ) کا اہم مقصد کثیر لسانیات اور قومی ہم آہنگی کو فروغ دینا تھا۔
- آموزگار کو تخلیقی اور تخیلی بنانے کے لئے کہانی کے اختتام کو تبدیل کرنے کے لئے کہنا چاہیے.
- "زبان انسانی برتاؤ کی سب سے اہم خصوصیت ہے" یہ قول گلیسن کا ہے.
- حق تعلیم ایکٹ (RTE 2009) کے مطابق ہر بچہ کو مادری زبان سیکھنے کا حق ہے.

# گذشتہ سال پوچھے گئے کچھ اہم سوالات

1."زبان خلاء میں نمودار نہیں ہوتی" اس بیان کی تعلیمی افادیت ہے کہ زبان سیکھنے کے لئے ________ لازمی ہے.

A. گھریلو مکالمے

B. سماجی تعاملات

C. اسکولی نظام

D. لسانی تجربہ گاہ

- جواب : (B) سماجی تعاملات

सामाजिक = Social Interaction)

(अन्त:क्रिया

2. اردو زبان میں دوسری زبانوں (سنسکرت، عربی، فارسی اور ترکی وغیرہ ) کے الفاظ بخوبی استعمال ہوتے ہیں اس سے اردو زبان کی کس خصوصیت کا علم ہوتا ہے.

A. جلد قبولیت

B. ربطِ کلام، متن

C. شکلیات

D. غیر لچیلاپن

- جواب :- (A) جلد قبولیت

3. تدریسی – آموزشی عمل کے مخصوص اقدام پر عمل کرنے کے لئے استاد کلاس روم میں ____ پر عمل کرتا ہے.

A. تکنیک

B. عمل

C. رویے

D. طریقے

جواب :- .A. تکنیک

4. نوم چومسکی کا ماننا ہے کہ بچوں کو زبان میں مہارت حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے.:

A. تتلانے اور دوسرے شروعاتی زبانی رویے کو تقویت

B. نقل اور مشق

C. ابتدائی بچپن میں زبان سے سابقہ

D. قواعد کی جلد تدریس

- جواب :- C. ابتدائی بچپن میں زبان سے سابقہ

5. اسکول میں داخلہ کے وقت بھی طلباء میں زبان سمجھنے کی کافی صلاحیت ہوتی ہے ۔اس بیان سے واضح ہوتا ہے کہ :

A. پڑھاتے وقت کلاس روم میں بچوں کی زبان کو شامل کرنا چاہیے.

B. بچوں کو صرف معیاری زبان پڑھانی چاہیے

C. بچے کے پاس تمام معلومات ہوتی ہیں انہیں سیکھنے کی ضرورت نہیں

D. بچے ایک زبان سیکھ رہے ہوتے ہیں ۔

جواب 5 :- A. پڑھاتے وقت کلاس روم میں بچوں کی زبان کو شامل کرنا چاہئے ۔

6.وائگوتسکی کے کے نظریہ پر مبنی تعمیر پسند کلاس روم میں زیادہ تجربہ کار استاد آموزگار کو ________ فاہم کرنے میں ایک رہنما فریضہ انجام دیتا ہے

A. عدم توازن کو جانچنے کا موقع

B. ترغیب

C. سوال پوچھنے کا موقع

D. کسی نظریے کا تعارف

- جواب :- (B) ترغیب

7. غیر لفظی ترسیل ہوگی

A. بولے جانے والے الفاظ

B. حرکات و سکنات

C. اعداد

D. چھپے ہوئے الفاظ

- جواب :- (B) حرکات و سکنات

8. بلوغت کے بعد کوئی نئی زبان سیکھنے سے غیر ملکی زبان :

A. کو سیکھا جا سکتا ہے

B. سیکھنے میں مشکل ہوتی ہے

C. کی مہارت ختم ہو جاتی ہے

D. کی مہارت بڑھ جاتی ہے

E.

- جواب :- کو سیکھا جا سکتا ہے

Haidari Study Point

9.جب اہم کسی زبان کو 'فطری طور' پر سیکھتے ہیں تو یہ عمل کیسے واقع ہوتا ہے؟

A. مؤثر ترسیل پر توجہ دے کر

B. کیسے کہا جا رہا ہے (ہیئت) کے بجائے کیا کہا جا رہا ہے (معنی) پر توجہ مرکوز کر کے

C. اپنے طور پر پڑھ کر اور سیکھے گئے لفظوں کا استعمال کر کے

- جواب -: کیسے کہا جا رہا ہے (ہیئت) کے بجائے کیا کہا جا رہا ہے (معنی) پر توجہ مرکوز کر کے

10. استاد ایک ایسا ماحول فراہم کرے جہاں طلباء سکھائی جانے والی زبان بلا جھجھک بول سکیں اور اس کے عادی ہو سکیں، اس لئے

A. بصری مواد استعمال کیا جائے

B. طلباء کو کوئی بھی زبان بولنے دیا جائے جو وہ اچھی طرح جانتے ہوں

C. کلاس روم میں عام بات چیت کے دوران جملوں کے استعمال پر زور دیا جائے

D. وقفے، وقفے سے تحریر اور بولنے کا کام دیا جائے.

E.

- جواب :- (B) طلباء کو کوئی بھی زبان بولنے دیا جائے جو وہ اچھی طرح جانتے ہوں.

Haidari Study Point

11. آموزگار کو اپنے علم کو خود تشکیل دینے والا سمجھا جاتا ہے۔ زبان کی کلاس روم میں اس عمل کو کیسے بڑھاوا دیا جا سکتا ہے؟

A. استاد انفرادی پراجیکٹ کے کام کی نگرانی کرے اور اصلاح کے لئے وقفے – وقفے سے اپنے جوابی تاثرات سے آگاہ کرے.

B. طلباء کو سکھائی جانے والی زبان کی تحریروں کا زیادہ سے زیادہ مطالعہ کرنے آمادہ کرکے

C. طلباء کی سیکھنے کی صلاحیت کے مطابق آموزشی مواد اکٹھا کرکے

D. انفرادی اور اجتماعی سرگرمیوں کو تقویت پہنچا کر تاکہ طلباء کو سیکھنے کے عمل میں باہمی تعاون اور شرکت کا موقع ملے

Haidari Study Point

- جواب :- D. انفرادی اور اجتماعی سرگرمیوں کو تقویت پہنچا کر تاکہ طلباء کو سیکھنے کے عمل میں باہمی تعاون اور شرکت کا موقع ملے

12. کسی زبان کو بہتر طور پر سیکھا جا سکتا ہے اگر جو کچھ سیکھا جا رہا ہے وہ :

A. کلاس روم کے سخت ماحول کا پابند ہو

B. صورت اور آواز کے لحاظ سے مادری زبان سے قریب تر ہو

C. کالج میں داخلہ پانے کے امکانات کے قریب لا سکے

D. طلباء کی زندگی کے اصولوں اور مقاصد کے لحاظ سے کار گر ہو

- جواب :- D. طلباء کی زندگی کے اصولوں اور مقاصد کے لحاظ سے کار گر ہو

Haidari Study Point

13. "نوم چومسکی" کی گہری ساختوں کا مطلب ہے کی ایک –

A. منتقل ہونے والی گرامر کے ذریعہ متاقبلی لسانیات کی دلچسپی بڑھانا

B. اردو زبان دنیا میں عام طور پر پسند کی جانے والی زبان ہے

C. تمام زبانوں کی ایک گرامر ہے – ان کی اندرونی ساخت ایک ہے اور وہ ظاہری طور پر الگ الگ نظر آتی ہیں

D. گرامر کے اصول سیکھنے کے لئے گہرا مطالعہ

- جواب :- C. تمام زبانوں کی ایک گرامر ہے – ان کی اندرونی ساخت ایک ہے اور وہ ظاہری طور پر الگ الگ نظر آتی ہیں

## 14. زبان کی تحصیل :

A. گرامر کو سمجھنے کے ساتھ ساتھ نئے الفاظ کو یاد کرنا اور ان کا تجزیہ شامل ہے

B. انسان کے دماغ کی صلاحیت کی وجہ سے قومی اور دوسری زبان کو سمجھنے کا عمل

C. یہ ایک تکنیک ہے جو بچوں کے لئے قومی زبان سیکھنے کا ماحول پیدا کرتا ہے

D. ضروری الفاظ کے ذخیرہ کا استعمال اور ان کو یاد کرنا شامل ہے.

جواب :- B. انسان کے دماغ کی صلاحیت کی وجہ سے قومی اور دوسری زبان کو سمجھنے کا عمل

15. زبان کی آموزش کے دوران ایک نازک عمل ہے

A. کلاس میں تفہیم کے پہلے کا وقت

B. کسی زبان کا منصوبہ تیار کرنے کا سب سے اچھا وقت

C. ایک خاص وقت جب طلبہ عملی زبان کا استعمال کرنے سے دور ہو جاتے ہیں

D. جس وقت زبان کسی دوسرے دور کے مقابلے میں جلدی سیکھی جا سکتی ہے

جواب :- (C) ایک خاص وقت جب طلبہ عملی زبان کا استعمال کرنے سے دور ہو جاتے ہیں

Haidari Study Point

16. کون سا آموزشی علاقہ غور و فکر کے عمل کو بڑھاتا ہے؟

A. یاد کرنا

B. سمجھ

C. اندازۂ قدر کرنا

D. اطلاق

جواب:- (D) اطلاق

17. اردو زبان کی مہارت حاصل کرنے کے لئے ناموافق حالت وہ ہے جہاں ایک :

A. کلاس میں اردو زبان بولنے کی ممانعت ہو

B. گھر میں اردو بالکل نہیں بولی جاتی

C. اردو تک طلباء کی رسائی کا نہ ہونا

D. ہندی / مادری زبان رابطے کی زبان ہے

جواب :- (A) کلاس میں اردو زبان بولنے کی ممانعت ہو

18. پوچھ تاچھ پر مبنی آموزش کا مطلب ہے :

A. معنیتی نصاب قومی عملی نصاب کی طرح ہوتا ہے

B. ایک ہدایتی حکومتِ عملی جس میں طلباء باہمی تعاون سے مسائل کو حل کریں اور جس سے ان کے تجربات ظاہر ہوں

C. ایک تھیوری ایک اصطلاح زبان سیکھنے کا نظریہ

D. مہارتوں کا تجربہ اور سسٹم کے ساتھ پیش کرنا اور متن کو یاد کرنا

جواب :- B. ایک ہدایتی حکومتِ عملی جس میں طلباء باہمی تعاون سے مسائل کو حل کریں اور جس سے ان کے تجربات ظاہر ہوں

Haidri Study Point

19. درج ذیل خوبیاں کوآپریٹو لرننگ گروپ سے متعلق ہے - سوائے :

A. کلاس کا زیادہ وقت مشق کے لئے وقف کرنا

B. ایک بے آواز، بے حرکت، بہت قرینے والا کلاس روم

C. ٹیچر مرکوز ہدایت کا متبادل

D. ہم جماعتوں کے ساتھ مل کر کام کرنا ان طلباء کو ترغیب دینا جو بہت جلد ہمت ہار دیتے ہیں

جواب :- B. ایک بے آواز، بے حرکت، بہت قرینے والا کلاس روم

Haidari Study Point

20. زبان جاننے کا مطلب ہے :

A. زبان کے قواعد کو جاننا

B. زبان میں اظہار خیال کی صلاحیت رکھنا

C. زبان کے سارے الفاظ کا علم

D. صحیح سے لکھنا

جواب :- B. زبان میں اظہار خیال کی صلاحیت رکھنا

21. اگر کوئی بچہ مادری زبان بہت ہی تیز ڈھنگ سے پڑھتا ہے تو؟

A. وہ بہت سی زبانوں میں پڑھ لکھ سکتا ہے

B. وہ بہتر ڈھنگ سے پڑھ سکتا ہے لیکن مادری زبان میں نہیں لکھ سکتا

C. پڑھنے کی مہارت کو دوسری زبان سیکھنے میں منتقل کر سکتا ہے

D. پڑھنے کی مہارت کو دوسری زبانوں کی آموزش میں منتقل نہیں کر سکتا

جواب C. پڑھنے کی مہارت کو دوسری زبان سیکھنے میں منتقل کر سکتا ہے

22. جب بچے پہلی بار اسکول جاتے ہیں اس وقت وہ اپنی مادری زبان اچھے سے بولتے ہیں۔اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ :

A. جانتے ہیں کہ کس طرح پڑھا اور لکھا جائے
B. اس زبان کی اور چیزوں کو سیکھنے کی ضرورت نہیں
C. کم از کم ایک زبان اور اس کے قواعد کو جانتے ہیں
D. ایک زبان کی تمام مہارتوں کو مکمل طور پر سیکھ چکے ہیں

جواب :- C. کم از کم ایک زبان اور اس کے قواعد کو جانتے ہیں

23. زبان کی آموزش میں سے درج ذیل میں سے کون سب سے کم اہمیت کا حامل ہے؟

A. زیادہ سے زیادہ سننا اور اس کا استعمال کرنا

B. قواعد کی مشقوں کا بغور مشق کرنا

C. کسی زبان میں اخبارات کا مطالعہ کرنا

D. کتابوں کا مطالعہ

جواب :- B. قواعد کی مشقوں کا بغور مشق کرنا

Haidari Study Point

24. زبان کی آموزش مؤثر ہوتی ہے جب آموزگار

A. ترتیب وار قواعد کے اصول کو سیکھتا ہے.

B. ہیئت سے استعمال پر آتا ہے

C. اصول سے اطلاق پر آتا ہے

D. سختی سے ہیئت پر آتا ہے

جواب :- B. ہیئت سے استعمال پر آتا ہے

Haidari Study Point

25. زبان سیکھنے کے تعلق سے 'لغوی نشو و نما (Lexical Development) سے مراد ہے:

A. زبان سیکھنے کی ترغیب سے
B. قواعد سیکھنے کے ایک مرحلے سے
C. نحوی ساخت کی تفہیم سے
D. سماجی، ذاتی وغیرہ نوعیت کے الفاظ سیکھنے سے

جواب :- D. سماجی، ذاتی وغیرہ نوعیت کے الفاظ سیکھنے سے

Haidari Study Point

26. اس بات کو یقینی بنانے کے لئے زبان کے استاد کو کیا کرنا چاہیے کہ طالب علم اپنی مافی الضمیر کی ادائیگی پورے طور سے کر سکے؟

A. طالب علم کو مادری زبان میں بات چیت کرنے کے لئے کہا جائے

B. طالب علم کو بات چیت کے لئے حقیقی زندگی جیسا ماحول فراہم کیا جائے

C. طالب علم سے قواعد کی مشق کرنے کے لئے کہا جائے

D. طالب علم سے انگریزی میں بات کرنے کے لئے کہا جائے

جواب :- B. طالب علم کو بات چیت کے لئے حقیقی زندگی جیسا ماحول فراہم کیا جائے

Haidari Study Point

27. مختلف مضامین کی آموزش میں طالب علم کی مادری زبان کا استعمال

:

A. بہتر آموزش میں معاون ہوگا

B. دوسری زبانوں اور مضامین کی آموزش میں رکاوٹ کے طور پر کام کرے گا

C. دوسری زبانوں کی آموزش میں مخل ہوگا

D. انگریزی کے کلاس روم میں اس کی اجازت نہیں دینی چاہیے

جواب :- A. بہتر آموزش میں معاون ہوگا.

Haidari Study Point

28. زبان سیکھنے کے رسمی طریقوں میں درج سے کیا شامل نہیں ہے؟

A. استاد

B. لیب

C. اسکول

D. گھریلو ماحول

جواب :- .D گھریلو ماحول

Haidari Study Point

29. ماں باپ بچوں کے ذریعہ بولے جانے پر کس طرح کی غلطیاں سدھارتے ہیں؟

A. قواعد سے متعلق

B. جملہ سے متعلق

C. صحت سے متعلق

D. تقلید سے متعلق

جواب :- تقلید سے متعلق

30. درج ذیل میں سے کون سا عمل زبان سیکھنے میں بچے کی مدد کرتا ہے

A. ایسا ماحول جہاں بچوں کو بولنے نہیں دیا جاتا

B. دوسرے بچوں کے ساتھ کھیلنا

C. بڑوں کی بات چیت سننا

D. بچوں کو صحیح جملہ دوہرانے کو کہنا

جواب :- B. دوسرے بچوں کے ساتھ کھیلنا

31. دوسری زبان کی آموزش کی شروعات عموماً کس سے کی جاتی ہے؟

A. معنی

B. تفہیم

C. خود تجزیہ

D. صحیح / غلط کی جانچ

جواب :- (A) معنی

Haidari Study Point

32. زبان کی حصولیابی (Acquisition ) ہوتی ہے :

A. انسانی دماغ کی بے شمار صلاحیت کی وجہ سے زبان سیکھنے کے عمل کو جاری رکھا جاتا ہے

B. ضرورت کے مطابق ذخیرۂ الفاظ کا استعمال کرنا

C. ماحول کی حوصلہ افزائی کرنے کے لئے ایک تکنیک جس میں بچے زبان سیکھتے ہیں

D. گرامر کا تجزیہ کسی زبان کو جامع کرنے کے لئے ایک منظم نقطۂ نظر ہے

جواب :- A. انسانی دماغ کی بے شمار صلاحیت کی وجہ سے زبان سیکھنے کے عمل کو جاری رکھا جاتا ہے

Haider Study Point

33. زبان ابتدائی شکل میں تھی :

A. گویائی ( Spoken)

B. اشارتی زبان

C. قواعدی زبان

D. تحریری زبان

جواب :- اشاراتی زبان

Haidari Study Point

## 34. زبان کی کلاس میں تعمیراتی نظام ( Constrictive Approach) کا مطلب ہے :

A. طلباء اپنی ذاتی طور پر سیکھنے کے طریقۂ کار کو تیار کرتے ہیں، اس پر عمل کرتے ہیں

B. طالب علموں کو مختلف اقسام کا مطالعہ کرنے کی ترغیب کیونکہ وہ اس سے اچھی طرح کسی مسئلہ کے حل پر پہنچتے ہیں

C. طلباء کو استاد کی جانب سے سہولیت دی جاتی ہے کہ وہ اپنے نظریات کو بڑھانے کے لئے مختلف میڈیا کا استعمال کر سکے

D. طلباء اپنی ذاتی سمجھ اور جانکاری کی بنیاد پر دنیا کے تجربہ شدہ شئے اور عکاسی کے ذریعہ زبانی مہارتوں میں اضافہ کرتے ہیں

جواب :- A. طلباء اپنی ذاتی طور پر سیکھنے کے طریقۂ کار کو تیار کرتے ہیں، اس پر عمل کرتے ہیں

35. "بچے زبان سیکھنے کی قوت لے کر پیدا ہوتے ہیں" یہ کس کا قول ہے؟

A. پاؤلاو

B. جین پیاجے

C. چومسکی

D. وائگوتسکی

جواب :- (B) چومسکی

Haidari Study Point

36. ابتدائی سطح کی تعلیم میں کہانی اور نظم کو کس حد تک ضروری مانتے ہیں؟

A. نظم اور کہانی مشہور تخلیق کار کی ہونی چاہیے

B. وہ مفید ہونی چاہیے

C. نظم اور کہانی ذخیرۂ الفاظ سے بھرپور ہونی چاہیے

D. مختلف شئ کے ناموں اور مثالوں سے زبان کی وضاحت ہونی چاہیے

جواب:- .D مختلف شئ کے ناموں اور مثالوں سے زبان کی وضاحت ہونی چاہیے

37. مندرجہ ذیل میں سے کن مقاصد کیلئے زبان سیکھنا ضروری نہیں ہوتی ہے ؟

A. زندگی کی مختلف ضروریات کو پورا کرنے کے لئے
B. زبان کے مختلف مواقع جاننے کے لئے
C. زبان کو سمجھ کر سیکھنا
D. اندرونی آواز ( Inner Speech) کو سننے اور بولنے کے لئے

جواب :- D. اندرونی آواز (Inner Speech ) کو سننے اور بولنے کے لئے

Haidari Study Point

38. مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان زبان کے تعلق سے صحیح نہیں ہے ؟

A. مصنوعی زبان تجزیہ کی طرف جاتی ہے

B. ہر زبان کی اپنی ذاتی شکل ہوتی ہے

C. زبان کا تعلق تہذیب و تمدن سے ہے

D. زبان سادگی سے پیچیدگی کی طرف بڑھتی ہے

جواب :- (A) مصنوعی زبان تجزیہ کی طرف جاتی ہے

39. زبان میں معتبر تعلیم کا مقصد ہے؛

A. طالب علموں میں خود اعتمادی پیدا کرنا

B. طلباء کی ابتدائی غلطیوں کی اصلاح

C. تعلیمی غلطیوں کا سدھار

D. یہ سبھی

جواب :- (D) یہ سبھی

Haidari Study Point

40. ریحانہ جو کہ جماعت ہفتم میں زبان کی استانی ہے، جو طلبہ کو پہلے جملے کے مختلف اجزاء کو واضح کرتی ہے۔ پھر اجزاء کی آمیزش سکھاتی ہے تاکہ طلبہ بہتر ڈھنگ سے سمجھ سکیں جو کہ وہ سمجھانا چاہتی ہے۔ وہ کس اصول کی پابندی کر رہی ہے؟

A. استقرائی سے استخراجی کی طرف (From Inductive to Deductive)

B. مقرون سے مجرد کی طرف (From Concrete to Abstract)

C. معلوم سے نامعلوم کی طرف (From Known to Unknown)

D. تجربہ سے آمیزش کی طرف (From Analysis to Synthesis)

جواب :- D. تجربہ سے آمیزش کی طرف (From Analysis to Synthesis)

رَبِّ زِدْنِي عِلْماً
Haidari Study Point

41. زبان کی حصولی سے مراد انسانی دماغ کی اندرونی صلاحیت کی وجہ سے مادری زبان یا ______ زبان سیکھنے کے عمل سے ہے۔

A. پہلی

B. دوسری

C. تیسری

D. چوتھی

جواب :- (D) پہلی

Haidari Study Point

42. 1963 ء کے آفیشل لینگویج ایکٹ کے ذریعہ یہ اعلان کیا گیا کہ 1965 ء کے بعد بھی انگریزی بطور______ استعمال ہوتی رہے گی۔

A. مرکزی سرکاری زبان

B. مرکزی مادری زبان

C. مرکزی معاون زبان

D. ان میں سے کوئی نہیں

جواب :- C. مرکزی معاون زبان

Haider Study Point

43. شمیم جو جماعت چہارم (Class 4) کو زبان پڑھاتے ہیں، ان کی ہمیشہ یہ کوشش رہتی ہے کہ اُن کے طلباء صحیح تلفظ، صحیح ہجہ اور صحیح لب و لہجے کے ساتھ ادائیگی کریں۔ وہ زبان کی نشوونما کے کس پہلو کو اپنے طلبہ میں فروغ دینا چاہتے ہیں :

A. معنیات

B. صوتیات

C. صوتیات اور گرافک

D. گرافک

جواب :- صوتیات

Haidari Study Point

44. کوٹھاری کمیشن (1964-66ء) کا اہم مقصد تھا؟

A. انگریزی کی تعلیم کو فروغ دینا

B. انگریزی کی تعلیم کو اثرانداز بنانا

C. مقامی زبانوں کو فروغ دینا

D. کثیر لسانیات اور قومی ہم آہنگی کو فروغ دینا

جواب :- D. کثیر لسانیات اور قومی ہم آہنگی کو فروغ دینا

Haidari Study Point

45. درج ذیل میں سے کون سی نصاب کی خصوصیت نہیں ہے؟

A. تعلیمی منصوبہ بندی کے حصول کے لئے ضروری مواد، تدریسی لائحۂ عمل اور آموزشی تجربات

B. مختلف مضامین کے مابین تعلق قائم کرنا اور علم کے باہمی تعلق کو اجاگر کرنا

C. آموزگار میں تخیل اور تخلیق کو فروغ دینا

D. ان میں سے کوئی نہیں

جواب :- D

46. دوسری زبان کے نصاب کا تعین کرتے وقت ہمیں کس چیز کا دھیان رکھنا چاہیے :

A. موادِ مضمون کلاس اور مدرس تک محدود نہ رہے

B. پورے سال محض ایک نصابی کتاب کی ہی پیشکش نہ ہو

C. یہ نصاب مہارتوں اور مفہوم پر مبنی ہونا چاہیے

D. درج بالا سبھی

جواب :- D

Haidari Study Point

47. آموزگاروں کو تخلیقی اور تخیلی بنانے کے لئے کیا کیا جائے؟

A. طلبہ حقیقی زندگی کے حالات میں خصوصی انداز میں زبان کے استعمال کے مواقع فراہم کرنا

B. طلبہ کو کہانی کے اختتام کو تبدیل کرنے کے لئے کہنا

C. طلبہ کو نصابی سرگرمیوں کے انتخاب کی آزادی فراہم کرنا

D. طلبہ کو ترغیب دینے کے طریقے اور لائحہ عمل اختیار کرنا اور آموزش کو مزید چیلنجنگ کرنا

جواب :- B. طلبہ کو کہانی کے اختتام کو تبدیل کرنے کے لئے کہنا

نوٹ :- آپشن A زبان کی نشوونما کے لئے مفید ہے تخیلی اور تخلیقی بنانے کے لئے آپشن B زیادہ مناسب ہے.

Haidari Study Point

48. دوسری زبان کے نصاب کے تعین کے وقت زبان کی سرگرمیوں کا انتخاب کرتے وقت کس چیز کا دھیان رکھنا چاہیے

A. اسکول کے نظام الاوقات (Time Table) میں کم از کم دخل
B. سرگرمی کرنے یا سیکھنے کی آسانی
C. تصور کی تدریس کی آسانی
D. سرگرمی کے تعداد اور استعمال کی ترتیب

جواب :- D. سرگرمی کے تعداد اور استعمال کی ترتیب

Haidari Study Point

49. زبان کی آموزش میں ترغیب کی خصوصی اہمیت ہے۔ جماعت ششم میں ترغیب کے لئے کیا جا سکتا ہے –

A. رٹوانا اور ضروری ذخیرۂ الفاظ کا استعمال کرنا

B. ساختوں کا منظم تجزیہ اور استعمال

C. بصری ذرائع اور کھیل جیسی سرگرمیوں کا استعمال

D. مادری زبان کا بطور ذریعۂ تعلیم استعمال کرنا

جواب :- D. مادری زبان کا بطور ذریعۂ تعلیم استعمال کرنا

Haidari Study Point

50. بیرونی / غیر مادری زبان والے معلم کو اکثر ایسی جماعت کا سامنا کرنا پڑتا ہے جو سست اور ترغیب کے فقدان والے آموزگاروں سے پُر ہے۔ایسی حالت میں کیا مدد کی جا سکتی ہے؟

A. طلباء کو راغب کرنے اور آموزش کو چیلنج سے پر بنانے کے لئے طریقوں اور لائحہ عمل کا استعمال کرنا

B. تعلیمی کاؤنسلر کی مدد لینا کہ وہ جماعت کو مخاطب کرے

C. طلباء کی پہچان کرنا اور ان کی خصوصی کلاس لینا

D. تفویض مکمل کرنے کے لئے طلبہ کو ان کے مطابق وقت دینا

جواب :- . A طلباء کو راغب کرنے اور آموزش کو چیلنج سے پر بنانے کے لئے طریقوں اور لائحہ عمل کا استعمال کرنا

51. کہانی سنانے کے سیشن کے بعد طلبہ کو کہانی کے اختتام کو بدلنے کے لئے کہا جاتا ہے۔ یہ طلبہ کی کس طرح مدد کرے گا؟

A. قواعد کو بہتر ڈھنگ سے سمجھنے میں

B. کتب خانہ کی حوالہ جاتی مہارت کے فروغ میں

C. معلم کی اصلیت کی جانچ میں

D. تخیلی اور تخلیقی بننے میں

جواب :- D. تخیلی اور تخلیقی بننے میں

Haidari Study Point

52. طلبہ کو انفرادی، اجتماعی اور کلاس کی سرگرمیوں میں ملوث رکھنے کی کیا وجہ ہے؟

A. زبان کی کلاس روم میں طلباء کو وافر مقدار میں مواقع فراہم کرنا

B. زبان کی کلاس میں محض تغیر (Variety) لانے کے مقصد سے

C. معلم کے کام کے بوجھ کو کم کرنے کے مقصد سے تاکہ وہ زیادہ اثردار بن سکے

D. آموزگاروں (Learners) کو ایسے مواقع فراہم کرنے کے لئے کہ وہ حقیقی زندگی کے تعاملات میں زبان سیکھ سکیں ۔

جواب :- D. آموزگاروں (Learners) کو ایسے مواقع فراہم کرنے کے لئے کہ وہ حقیقی زندگی کے تعاملات (Interactions) میں زبان سیکھ سکیں ۔

53. جب چھوٹے بچوں کی سبق میں دلچسپی کم ہونے لگتی ہے تو معلم کو کیا کرنا چاہیے؟

A. کہانی سنائے یا دلچسپ سرگرمی کرائے
B. انہیں کچھ دیر خاموش بیٹھنے کے لئے کہے
C. انہیں باہر جانے اور کھیلنے کی اجازت دے
D. انہیں تھوڑے وقت کے لئے سونے کو کہے

جواب :- A. کہانی سنائے یا دلچسپ سرگرمی کرائے

Haidari Study Point

54. "زبان انسانی برتاؤ کی سب سے اہم خصوصیت ہے" یہ قول کس کا ؟

A. گلیسن

B. میکاور اور پیج

C. مہاتما گاندھی

D. ڈاکٹر آر کے اگروال

جواب :- A. گلیسن

55. زبان سیکھنے کے لئے لازم ہے :

A. ترغیب

B. قواعد کا علم

C. الفاظ معنی یاد کرنا

D. کہانی پڑھنا

جواب :- A. ترغیب

56. دوسری زبان کی حصولیابی اُس زبان سے متاثر ہوتی ہے جسے آموزگار پہلے سے ہی جانتا ہے ۔اس اثر کو کہا جاتا ہے :

A. بین زبانی

B. نظامی غلطیاں

C. تبادلۂ زبان

D. صوتیات

جواب :- C. تبادلۂ زبان भाषा स्थानान्तरण)

Language Transfer

57. درج ذیل میں سے کون سا طریقہ ' مثال سے اصول کی طرف' نظریہ پر مبنی ہے ؟

A. استقرائی طریقہ

B. استخراجی طریقہ

C. A اور B دونوں

D. واقعاتی طریقہ

جواب :- استقرائی طریقہ Inductive Method

आगमन विधि

58. طلبہ کو چکنی مٹی سے کھیلنے کے مواقع دینا کس طرح کارگر ہے

A. حرکی مہارتوں بالخصوص انگلیوں اور انگوٹھے کی نشوونما

B. بلا مقصد کھیل کو فروغ دینا

C. انہیں خوش و خرم رکھنے میں

D. پریشانیوں کو نظر انداز کرنے میں

جواب :- A. حرکی مہارتوں بالخصوص انگلیوں اور انگوٹھے کی نشوونما

Hazari Study Point

59. جماعت میں مادری زبان کی مداخلت کو مؤثر طریقے سے کم کیا جا سکتا ہے؟

A.اکثر مادری زبان کا استعمال کیا جائے

B. مادری زبان سے مثالیں دی جائیں

C.ہدف زبان میں زیادہ سے زیادہ مواقع دیئے جائیں

D. ہدف زبان میں مواد کو آسان اور ترتیب وار پیش کیا جائے

جواب :- D. ہدف زبان میں مواد کو آسان اور ترتیب وار پیش کیا جائے

Haider ... Point

60. زبان کی آموزش اور حصول میں کیا فرق ہے؟

A. آموزش اور حصول دونوں فطری عمل ہے

B. آموزش اور حصول دونوں دانشتہ عمل ہے

C. آموزش دانشتہ اور حصول فطری عمل ہے

D. حصول دانشتہ اور آموزش فطری عمل ہے

جواب :- C. آموزش دانشتہ اور حصول فطری عمل ہے

Haidari Study Point

61. تعمیر پسندی (Constructivism) کے مطابق آموزگار ہوتا ہے

A. معلومات کی تعمیر کرنے والا

B. اپنے استاد کی اتباع کرنے والا

C. معلومات کی دوبارہ تخلیق کرنے والا

D. معلومات حاصل کرنے والا

جواب :- A. معلومات کی تعمیر کرنے والا

Haidari Study Point

62. تمام بچے زبان سیکھنے کی ایک فطری صلاحیت کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں جو مشتمل ہوتی ہے :

A. عالمگیر طریقۂ کار پر

B. عالمگیر لفظیات پر

C. عالمگیر قواعد پر

D. عالمگیر سچائی پر

جواب :- . عالمگیر قواعد پر (Universal Grammar )

نوٹ :- • چومسکی کا کہنا ہے کہ زبان کا فطری سافٹ ویئر یا قواعد فطری طور پر بچے کے دماغ میں ہوتا ہے جے انہوں نے یونیورسل گرامر کہا جو زبان بچے کے جینز Gens میں پوشیدہ ہوتی ہے اسے Innate Language کہا.

Haidari Study Point

63. زبان کی آموزش میں غلطیاں کیا ہوتی ہیں؟

A. آموزش میں مانع

B. آموزگاروں میں غلطیاں درست کرنے کے بوجھ میں اضافہ

C. آموزگاروں کو منفی تقویت رسانی کا سبب

D. آموزش میں معاون

جواب : D. آموزش میں معاون

نوٹ • غلطیاں آموزش کا حصہ ہیں۔بچے غلطیاں کر کے ہی سیکھتے ہیں.

Haidari Study Point

64. تعمیری کلاس روم (Constructive Classroom) میں نظم کی تدریس کے دوران استاد کو چاہیے کہ :

A. طلباء سے متن میں شامل مشکل لفظوں کے معنی یاد کرنے کے لئے کہے

B. قواعد کے اصولوں اور اس کی عملی مشقوں پر توجہ مرکوز کرے

C. طلباء سے گروپ میں تبادلۂ خیال کرنے اور نظم کے بارے میں اپنی رائے دینے کے لئے کہے

D. پہلے خود متن پڑھے اور پھر طلباء سے دہرانے کے لئے کہے

جواب :-C. طلباء سے گروپ میں تبادلۂ خیال کرنے اور نظم کے بارے میں اپنی رائے دینے کے لئے کہے

**65. درج ذیل میں سے کون سا بیان صحیح ہے؟**

A. زبان جاننے کا مطلب اس کے قواعد کو جاننا لیے

B. زبان جاننے کا مطلب اس زبان میں سیکھنے کی صلاحیت رکھنا ہے

C. زبان جاننے کا مطلب ہے اس زبان کو مختلف صورتحال میں استعمال کرنے کی صلاحیت رکھنا ہے

D. زبان جاننے کا مطلب ہے اس کے سارے الفاظ جاننا

رَبِّ زِدْنِي عِلْماً
Haidari Study Point

جواب :- C. زبان جاننے کا مطلب ہے اس زبان کو مختلف صورتحال میں استعمال کرنے کی صلاحیت رکھنا ہے

66. زبان سیکھنے کا مقصد ہوتا ہے:

A. غیر رسمی ماحول میں لاشعوری طور پر زبان کو سیکھنا

B. رسمی ماحول میں شعوری طور پر زبان کو سیکھنا

C. زبان کے بارے میں معلومات حاصل کرنا

D. ربان کے قواعدی اصولوں کو سیکھنا

Ucjdari Study Point

جواب :- B.  رسمی ماحول میں شعوری طور پر زبان کو سیکھنا

67. بچہ پہلی زبان سیکھتا ہے

A.  نجی ٹیوشن والے ماحول میں

B. رسمی ماحول میں

C. فطری ماحول میں

Haidari Study Point

D. دوستانہ ماحول میں

جواب :- فطری ماحول میں

68. حقِ تعلیم کے مطابق ہر بچے کو سیکھنے کا حق ہے :

A. سرکاری زبان میں

B. جدید ہندوستانی زبان میں

C. مادری زبان میں

D. انگریزی زبان میں

Haidari Study Point

جواب :- مادری زبان

69. بچے فطری انداز میں زبان کا اکتساب کرتے ہیں اگر انہیں روبرو کیا جائے

A. ارد گرد موجود ایک سے زائد زبان کے
B. صرف الکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کے
C. کسی زبان کے قواعدی ساخت کے
D. ایک وقت میں صرف ایک زبان

جواب :- A.ارد گرد موجود ایک سے زائد زبان کے

Haidari Study Point

70. "سماجی تعامل"

کے تصور کا تعلق (सामाजिक अनतःक्रिया. = Social Interaction )

کس سے ہے؟

A. اسکنر (Skinner)

B. وائگوتسکی (Vygotsky)

C. کوہلبرگ (Kohlberg)

D. پانینی (Panini)

جواب :- وائگوتسکی

71. آموزگار کس طرح زبان کا اکتساب کرتا ہے

A. زبان کی ساخت کا تجزیہ کرکے

Haidari Study Point

B. زبان کے ادب کا مطالعہ کر کے

C. زبان کے بولنے والے کی ثقافت کا مطالعہ کر کے

D. فطری تعاملی ماحول میں زبان کو برت کے

جواب :- D. فطری تعاملی ماحول میں زبان کو برت کے

72. درج ذیل میں سے کون زبان کے اکتساب کے" سماجی تعامل" کے نظریات پر مبنی ہے؟

A. زبان کی آموزش اس وقت ہو سکتی ہے جب نصاب کے پرے کسی زبان پر توجہ دی جائے

B. زبان کی آموزش اس قوت ہو سکتی ہے جب انہیں نقل کرنے اور اسے بہتر بنانے کا موقع ملے

C. زبان کے آموزگاروں کے لئے ضروری ہے کہ اسے دوسروں کے ساتھ معانی پر تبادلہ خیال اور بحث و مباحثہ کا موقع ملے

D. زبان کے آموزگار کا سابقہ قابل فہم متن سے پڑنا چاہیئے متن کے اشکال کی سطح تھوڑی اونچی یونی چاہیے

جواب:- C. زبان کے آموزگاروں کے لئے ضروری ہے کہ اسے دوسروں کے ساتھ معانی پر تبادلہ خیال اور بحث و مباحثہ کا موقع ملے

Haidari Study Point